نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب کے زیر اہتمام زرعی برآمدات میں اضافہ کے لئے دو روزہ بین الاقوامی "پاکستان ہارٹی ایکسپو2023" کا انعقاد28 جنوری کو کیا جا رہا ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور06 جنوری2023: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ محکمہ زراعت کے زیرِ اہتمام دو روزہ بین الاقوامی "پاکستان ہارٹی ایکسپو2023" کا انعقاد کیا جا رہا ہے جس میں پاکستانی پھلوں ،سبزیوں اوران سے بنی مصنوعات کو بین الاقوامی سطح پر اجاگر کیا جائے گا۔اس دو روزہ **پاکستان ہارٹی ایکسپو2023** کے لئے **28**اور**29 جنوری** کو سٹالز ایکسپو سنٹر جوہر ٹاؤن لاہور میں لگائے جائیں گے۔امسال اس نمائش میں 100 سے زائد سٹالز لگائے جائیں گے اور تاجکستان ،ازبکستان، بیلا روس ،قازقستان ،سعودی عرب ،دوبئی ،قطر ،بحرین ،سری لنکا ،انڈونیشیا، ملائیشیا اور ترکی سے ماہرین ،ایکسپوٹرز و دیگر اسٹیک ہولڈرز شرکت کریں گے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید بتایا کہ اس نمائش سے قبل محکمہ زراعت ایسی آٹھ نمائشوں کا انعقاد کر چکا ہے جس میں مجموعی طور پر 20 ممالک سے 150 سے زائد وفود نے شرکت کی۔ان نمائشوں کے انعقاد سے پاکستانی برآمدات میں مجموعی طور پر 20 ملین ڈالرز کا اضافہ ہوا تھا۔ پاکستان ہارٹی ایکسپو2023 کے انعقاد سے زرعی شعبہ سے وابستہ لوگوں کو ایک ایسا پلیٹ فارم مہیا کیا جا رہا ہے جو پاکستانی مصنوعات کو پوری دنیا میں متعارف کروانے کا ذریعہ بنے گا اور ہماری زرعی برآمدات میں اضافہ ہوگا۔

☆☆☆☆